① 

# शिक्षकांसाठी सूचना - इ. ५वी - उर्दू भाषा

Teacher Copy - Std 5 - Language (Urdu)

مہاراشٹر راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، (ودیا پریشد) پونے-۳۰

تعلیمی ترقی یافتہ مہاراشٹر

## تعلیمی ترقی جانچ - ہدایات برائے اساتذہ - جماعت پنجم - مضمون اُردو

### تحریری سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیے ہدایات

سوال ا: لفظ سنیے اور لکھیے۔ (۶ نمبرات)

زمرہ: لکھنا (املا نویسی)

مقصد: حروف کے مخرج اور اعراب سے واقفیت کی تحریری جانچ کرنا۔

ہدایت: فہرست کے الفاظ سناتے وقت ہر لفظ کو بلند آواز میں تین مرتبہ دہرائیں۔

الفاظ

| | |
|---|---|
| (۱) ممتاز | (۲) دلکش |
| (۳) شفقت | (۴) کھلونے |
| (۵) پھول | (۶) طبیب |
| (۷) اُلفت | (۸) فلک |
| (۹) کتابت | (۱۰) سماں |
| (۱۱) مورت | (۱۲) آلودگی |

نمبرات دینے کا طریقہ:

- اس سوال کی جانچ کرتے وقت چند باتوں کا خیال رکھیے:

لفظ تسلسل میں لکھا ہوا اور لکھائی کے اُصولوں کے مطابق ہو تب ہی نمبر دے۔مثلاً 'ا لفت' یا 'کہلونے' لکھا ہو تو نمبرات نہ دیے جائیں۔فہرست کے ہر لفظ کو ½ نمبر دیا جائے۔

سوال ۲: پیراگراف (جملے) سن کر لکھو۔ (۴ نمبرات)

زمرہ: لکھنا (املا نویسی)

مقصد: جوڑ حروف والے اور بغیر جوڑ حروف والے الفاظ لکھنے کی جانچ کرنا۔

(۲)



**ہدایات:**

- پیراگراف بولتے وقت سب سے پہلے ایک جملے کا مطلب ذہن نشین ہو، اس طرح تسلسل کے ساتھ بولا جائے۔
- بعد میں جملے کے ایک حصے کے الفاظ جس سے اس کا مطلب ظاہر ہو بولا جائے۔ اس کے بعد چند سیکنڈ رُک جائے اور اس کے آگے کا حصہ بولا جائے۔ اس طرح سے ہر جملے کو بولا جائے۔
- پیراگراف مکمل ہونے کے بعد طلبہ کو اطمینان کے ساتھ مکمل پیراگراف دوبارہ پڑھ کر سنایا جائے اور طلبہ سے کہیں کہ اپنی لکھی ہوئی تحریر کو درست کر لیں۔

**پیراگراف:**

پرسوں ہم بازار گئے۔ مُنّی کے لیے یونیفارم خریدا۔ بستہ خریدا۔ کاپیاں اور کتابیں خریدیں۔
کل سے اسکول شروع ہونے والا ہے اس لیے مُنّی خوش ہے۔

**نمبرات دینے کا طریقہ:**

اس سوال کی جانچ میں درج ذیل نکات کو مدنظر رکھا جائے۔

- ۱ سے ۹ / الفاظ صحیح ہونے کی صورت میں ایک نمبر دیں۔
- ۱۰ سے ۱۸/ الفاظ صحیح ہونے کی صورت میں دو نمبرات دیں۔
- ۱۹ تا ۲۷/ الفاظ صحیح ہونے کی صورت میں تین نمبرات دیں۔
- ایک بھی لفظ صحیح نہ لکھنے کی صورت میں صفر نمبر دیں۔ (اس صورت میں ختمہ کے نمبر بھی نہ دیں۔)
- تمام ختمے لگانے پر ایک نمبر دیا جائے۔

**سوال ۳ تا ۵: نظم کو دل ہی دل میں پڑھیے اور ذیل کے سوالوں کے متبادل جوابات کے اطراف دائرہ بنائیے۔**

**صحیح جواب اور نمبرات کا طریقۂ کار**

۳) باغ میں لال، گلابی، اودے، نیلے اور پیلے پھول کھلے ہیں۔ (۱-نمبر)

۴) پھول صبح سویرے بھیگے بھیگے دِکھائی دیتے ہیں۔ (۱-نمبر)

۵) شاعر نے دونوں ہی کو بھولے بھالے اور معصوم بتایا ہے۔ (۲/نمبرات)

**سوال ۶ تا ۸: یہ خبر پڑھیے اور درج ذیل سوالوں کے مناسب جواب لکھیے۔**

**"ناندیڑ میں بے موسم بارش"**

**صحیح جواب اور نمبرات کا طریقۂ کار**

۶) لوگ دکانوں اور عمارتوں کی چھت کے نیچے کھڑے ہو گئے۔
(اس طرح کا مکمل جملہ یا 'دکانوں'، 'عمارتوں' بھی لکھا ہو تو ایک نمبر دیں۔)

۷) بارش ۱۲/ جنوری کو ہوئی۔ (۲/نمبرات)

۸) بارش کی وجہ سے کیچڑ ہو گیا تھا اور راستوں پر پانی جمع ہونے سے آمد و رفت میں رکاوٹ پیدا ہو گئی۔
(اس طرح کا جواب یا بارش کی وجہ سے راستوں پر پانی جمع ہو گیا۔ اس طرح کے جواب پر بھی دو نمبرات دیے جائیں۔
صرف 'پانی کی وجہ سے رکاوٹ ہو گئی' لکھنے پر ایک نمبر دیں۔)

**سوال ۹ تا ۱۱: اشتہار پڑھیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔**

**'چڑیل کے گھر شہزادہ'**

**صحیح جواب اور نمبرات دینے کا طریقہ کار**

۹) (ج) ڈرامے کا (۱-نمبر)

۱۰) ہر بچے کو آئس کریم مفت ہے یہ جملہ لکھا ہوا ہے۔ (۲-نمبرات)
(اس طرح کا کواب دے تو دو نمبرات دیں یا 'مفت آئس کریم' بھی لکھا تو ۲ نمبرات دیں۔)

۱۱) صندوق کے شیطان سے راجکماری کی لڑائی۔ (۲-نمبرات)

**سوال ۱۲ تا ۱۹: عملی قواعد، ذخیرۂ الفاظ اور خمسہ پر مبنی سوالات۔ (۵ رنمبرات)**

**صحیح جواب اور نمبرات دینے کا طریقہ کار**

۱۲) زید نے ککڑی کھائی۔ (۱ رنمبر)

۱۳) نیلوفر کے پاس ۵ روپے تھے۔ (۱ رنمبر)

۱۴) آج میں بھائی جان سے ملا۔ (۱ رنمبر)

۱۵) صحیح جملے کو ۱ رنمبر دیں۔

۱۶) ''آقا! میں اس گھڑے میں قید تھا'' جن بولا۔ (۲ رنمبرات)

۱۷) اس نے کہا، کتنی اچھی کتاب ہے۔

۱۸) ناز و دکان پر گئی۔
اس نے وڈا پاؤ لایا۔
اس نے وڈا پاؤ بھائی جان کو دیا۔
اسے بہت تیز محسوس ہوا۔
وہ پانی پینے کے لیے مکان میں گیا۔
(اس طرح کے ترتیب وار جملے لکھنے پر ۲ نمبرات دیں۔)

۱۹) (۱) بے صبر
(۲) بے درد
(ہر صحیح جواب کو آدھا نمبر دیں۔ اس طرح ایک نمبر دیا جائے۔)

سوال۲۰: کہانی مکمل کرو۔

زمرہ: اظہارِ خودی

مقصد: طلبہ کی شخصیت کی جانچ

نمبرات دینے کا طریقۂ کار:- معیاری زبان کے استعمال کی توقع نہیں ہے۔

| نمبرات | متوقع نتائج |
|---|---|
| ۰ | کہانی کے آغاز پر غور نہ کرتے ہوئے بے ترتیب جملے۔ |
| ۱ | کہانی کے آغاز کا حوالہ دے کر کہانی بیان کرنے کی کوشش۔<br>جملوں کی ترتیب صحیح نہیں ہونے کی وجہ سے غیر واضح جملے۔ |
| ۲ | مکمل جملوں میں اور دیے ہوئے الفاظ سے متعلق لیکن غیر واضح (ایک یا دو جملوں میں) اظہار۔ |
| ۳ | کہانی کو مکمل کرنے کی کوشش کی گئی لیکن تحریر میں کوئی خاص منصوبہ بندی نہیں۔<br>اس لیے تحریر بے ضابطگی نظر آتی ہے۔ |
| ۴ | کہانی کا آغاز، درمیان اور اختتام ترتیب وار ہے لیکن کہانی میں کچھ خامیاں ہیں۔<br>کردار، مکالمے کا لحاظ نہیں رکھا گیا۔ |
| ۵ | کہانی کے آغاز کو مدنظر رکھ کر، کہانی کا درمیان اور کہانی کا اختتام ترتیب وار ہے۔ کہانی میں تفصیل پیدا کرنے کے لیے باریک بینی سے کام لیا گیا۔ مختلف کرداروں کو مختلف مکالمے دیے گئے۔ |

# زبانی سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیئے ہدایات

**سوال۱: بلند خوانی کر کے زبانی سوالات کے جوابات دینا۔** (۵ نمبرات)

**سوالات پوچھنے والے کے لیے ہدایات:**

یہ سوال نہ صرف بلند خوانی کی مہارت کی جانچ کے لیے ہے بلکہ طلبہ تفہیم کے ساتھ بلند خوانی کرتے ہیں یا نہیں اس کی جانچ کے لیے بھی ہے۔ یہ سوال زبانی نوعیت کا ہونے کی وجہ سے ایک ایک طالب علم سے پوچھا جائے۔ جماعت میں طلبہ کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں جانچ کا مرحلہ دو/ تین دنوں میں مکمل کیا جائے۔

**سوال پوچھنے والا طلبہ کو یہ ہدایت دیں:**

میں تمھیں ایک پیراگراف (چند جملے) پڑھنے کے لیے دوں گا۔ اسے بلند آواز سے پڑھو اور اس کے بعد میں تم سے پڑھے گئے جملوں پر کچھ سوالات پوچھوں گا۔ ان کے جواب دو۔

**باغ کی سیر**

**کل اتوار تھا۔ زینب اپنے امی ابا کے ساتھ باغ کی سیر کو گئی۔ باغ میں پہنچتے ہی زینب جھولا جھولنے کے لیے دوڑی۔ امی نے کہا، ''جھولا آہستہ جھولو۔'' زینب نے کہا، ''مجھے تیز جھولنے میں مزہ آتا ہے۔'' بھوک لگنے پر اُس نے کیلا کھایا۔ اس کے بعد دوبارہ کھیلنے لگی۔ ابا آئس کریم لائے۔ زینب بہت خوش تھی۔**

**پڑھنے کے لیے نمبرات دیں:**

| نمبرات | متوقع نتائج |
|---|---|
| ۰ | طالب علم نے پیراگراف پڑھنے میں دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ مدد کرنے کے باوجود جملے پڑھ نہ سکا۔ |
| ۱ | مدد کرنے کے باوجود الفاظ پڑھنا لیکن پڑھے گئے جملوں کا مطلب سمجھ نہ سکا۔ |
| ۲ | بغیر کسی مدد کے الفاظ پڑھے۔ لیکن پڑھے گئے جملوں کا مطلب سمجھ نہ سکا۔ |
| ۳ | پیراگراف ہجے کر کے پڑھنے کی کوشش کی۔ پہلے جملوں کو دل ہی دل میں پڑھ کر بعد میں اس کی بلند خوانی کی تو بھی ٹھیک ہے۔ پڑھنے کے بعد جملوں کے مطلب کو سمجھتا ہے۔ |
| ۴ | کچھ جملوں کے مخارج کے ساتھ بلند خوانی کرنا۔ |
| ۵ | پیراگراف کے ہر لفظ کی صحیح تلفظ کے ساتھ بلند خوانی کرنا۔ بلند خوانی کرتے وقت روانی کا لحاظ نہ کیا جائے۔ جملوں کو دہرانے پر بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ |

اب بچوں کے پڑھے ہوئے پیراگراف پر مبنی درج ذیل سوالات پوچھنا۔

صحیح جواب

سوال۲: زینب باغ میں کس کے ساتھ گئی؟ (۱ نمبر)

(الف) امّی (ب) ابّا (ج) امّی ابّا — (ج)

سوال۳: زینب باغ میں کس دن گئی؟ (۱ نمبر)

(الف) اتوار (ب) پیر (ج) جمعہ — (الف)

سوال۴: بھوک لگنے پر زینب نے کیا کھایا؟ (۱ نمبر)

(الف) کھانا (ب) آئس کریم (ج) کیلا — (ج)

سوال۵: زینب باغ میں جا کر خوش ہوئی۔ یہ تمھیں کس جملے سے معلوم ہوا؟ (۲ نمبرات)

(الف) ہاں (ب) نہیں

(ہاں میں جواب ملنے پر ایک نمبر دیں۔ یہ تمھیں کس جملے سے معلوم ہوا اس کا صحیح جواب دینے پر مزید ایک نمبر دیں۔)

■■■